## مختلف سیاسی شخصیات نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کر کے قائد تحریک الطاف حسین سے
## ان کی منہ بولی والدہ محترمہ آلِ فاطمہ رضوی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا
## تعزیت کرنے والوں میں گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال، وزیر اعلیٰ
## سندھ کی مشیر محترمہ شرمیلہ فاروقی، سندھ کے سابق سیکریٹری داخلہ بریگیڈیئر ریٹائرڈ اختر ضامن اور دیگر شخصیات شامل ہیں
## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی، ایم کیو ایم کے چاروں صوبوں کے
## تنظیمی عہدیداروں، کارکنوں اور اوورسیز یونٹوں کے کارکنوں کا بھی الطاف حسین سے دلی تعزیت کا اظہار

لندن۔۔۔16 فروری 2010ء

مختلف سیاسی شخصیات نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کر کے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ان کی منہ بولی والدہ محترمہ آل فاطمہ رضوی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین سے تعزیت کرنے والوں میں گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال، وزیر اعلیٰ سندھ کی مشیر محترمہ شرمیلہ فاروقی، سندھ کے سابق سیکریٹری داخلہ بریگیڈیئر ریٹائرڈ اختر ضامن اور دیگر شخصیات شامل ہیں۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی، ایم کیو ایم کے چاروں صوبوں کے تنظیمی عہدیداروں اور کارکنوں کے ساتھ ایم کیو ایم یو کے یونٹ اور دیگر اوورسیز یونٹوں سے تعلق رکھنے والے کارکنوں نے بھی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کر کے جناب الطاف حسین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

## الطاف حسین کی صدر آصف زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے ٹیلی فون پر بات چیت، ملک کی موجودہ صورتحال پر اظہار تشویش
## تصادم اور محاذ آرائی ملک اور جمہوریت کے مفاد میں نہیں، تمام معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کیا جائے۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔16 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی آج صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے ٹیلی فون پر بات چیت ہوئی اور ملک کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے گفتگو کرتے ہوئے ملک میں پیدا ہونے والی موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا اور صدر اور وزیر اعظم سے کہا کہ تصادم اور محاذ آرائی ملک اور جمہوریت کے مفاد میں نہیں ہے لہٰذا تمام معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کیا جائے۔ گفتگو میں ملکی و بین الاقوامی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی یقینی بنائی جائے، الطاف حسین
## حکومت، ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے سلسلے میں ہر ممکن کوشش کرتی رہے گی، حسین حقانی
## حسین حقانی سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔16، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے امریکہ میں پاکستان کے سفیر حسین حقانی سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ جناب الطاف حسین نے حسین حقانی سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی عدالت سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا کے فیصلے پر گہری تشویش ظاہر کی۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا کے فیصلے سے ان کے اہل خانہ شدید ذہنی کرب کا شکار ہیں اور ملک بھر کے عوام میں بھی گہری تشویش پائی جاتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے حسین حقانی پر زور دیا کہ وہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا کے خلاف سفارتی کردار ادا کریں اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ان کی رہائی کو یقینی بنائیں۔ حسین حقانی نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ حکومت، ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے سلسلے میں ہر ممکن کوشش کرتی رہے گی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان پاکستان کی مجموعی سیاسی صورتحال اور دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی منہ بولی ماں اور حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرہ کی والدہ مرحومہ آل فاطمہ رضوی کو میوہ شاہ قبرستان میں سپرد خاک

## جنازے میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، سینیٹرز، اراکین اسمبلی، سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال، ممتاز سرجن ڈاکٹر ادیب اے رضوی، حق پرست ٹاؤن و یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، ذمہ داران و کارکنان اور معززین شہر کی شرکت

## رابطہ کمیٹی کی رکن ممتاز انوار، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اور شعبہ خواتین کی ارکان نے رضویہ امام بارگاہ جاکر لواحقین سے تعزیت کی

کراچی۔۔۔۔16فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی منہ بولی ماں اور ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی انچارج و حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرہ کی والدہ مرحومہ آل فاطمہ رضوی کو سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں میوہ شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ ناظم آباد کے علاقے رضویہ سوسائٹی کی مرکزی امام بارگاہ میں ادا کی گئی۔ جنازے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت، سیف یار خان، سلیم تاجک، رضا ہارون، وسیم آفتاب، شکیل عمر، کنور خالد، نیک محمد، شاکر علی، توصیف خانزادہ، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء بابر خان غوری، خالد عمر، خالد بن ولایت، عبدالحسیب، سینیٹرز، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، حق پرست ٹاؤن ناظمین واسع جلیل، حافظ اسامہ قادری، کامران اختر، محمد دلاور، اظہار احمد خان، ممتاز سرجن ڈاکٹر ادیب اے رضوی، حق پرست نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، علاقائی سیکٹرز و یونٹس کے ذمہ داران، کارکنان، سیاسی وسماجی اور ادبی شخصیات، معززین شہر اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن ممتاز انوار اور سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل نے ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کی ارکان کے ہمراہ رضویہ امام بارگاہ جاکر مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے تعزیت کی۔مرحومہ آل فاطمہ رضوی کا سوئم جمعرات کو سہ پہر تین بجے مدینۃ العلم گلشن اقبال بلاک 5 ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی جبکہ ساڑھے چار بجے مجلس منعقد کی جائے۔

## برطانوی ہیومن رائٹس پارلیمانی گروپ کا ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## کراچی میں مذہبی وفرقہ وارانہ ہم آہنگی، کراچی میں ہونے والی تیز رفتار تعمیر وترقی اور سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## برطانوی وفد کی جانب سے کراچی کی شہری حکومت کے بڑے پیمانے پر ترقیاتی کاموں کی تعریف

کراچی۔۔۔16فروری2010ء

برطانوی پارلیمانی ہیومن رائٹس گروپ کے ارکان پر مشتمل تین رکنی وفد نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ، رضا ہارون اور کنور خالد یونس سے ملاقات کی۔وفد میں Dr.Martin Lou، Lione Blackman اور Salim Malik شامل تھے۔برطانوی وفد نائن زیرو پہنچا تو رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کا خیر مقدم کیا۔برطانوی وفد نے رابطہ کمیٹی سے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے دیگر امور کے علاوہ کراچی میں مذہبی وفرقہ وارانہ ہم آہنگی، کراچی میں ہونے والی تیز رفتار تعمیر وترقی اور موجودہ سیاسی صورتحال جیسے موضوعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔برطانوی وفد کے ارکان نے سندھ خصوصاً کراچی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی کوششوں اور مثبت کردار کی تعریف کی۔وفد نے کراچی کی شہری حکومت کی جانب سے شہر میں بڑے پیمانے پر کرائے جانے والے ترقیاتی کاموں کو بھی سراہا۔اس موقع پر برطانوی وفد کو جناب الطاف حسین کی تصویری سوانح، دیگر اور دیگر تحائف پیش کیے گئے۔

## حق پرست عوام، چندا خاتون کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔16فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی بھابھی چندا خاتون کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ چندا خاتون کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## عوام وکارکنان انیس الرحمان کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔16، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برطانیہ برمنگھم یونٹ کے انچارج انیس الرحمان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ انیس الرحمان کی جلد ومکمل صحت کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم برطانیہ کا الطاف حسین سے اظہار تعزیت

لندن 16 فروری 2010ء

ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر واور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی منہ بولی والدہ محترمہ آل فاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے جناب الطاف حسین سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالی مرحومہ آل فاطمہ کی مغفرت فرمائے انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی منہ بولی والدہ آل فاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ڈاکٹر علی حسین چوہدری

**لاہور۔۔۔16 فروری 2010ء**

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین چوہدری نے رکن قومی اسمبلی کشور زہرہ کی والدہ اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی منہ بولی والدہ آل فاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں اعلی مقام عطا فرمائے اور سوگوران کو صبر وجمیل عطا کریں دریں اثناں ایم کیوایم کی لاہور زونل کمیٹی، لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی اور متحدہ لائرز فورم نے بھی محترمہ آل فاطمہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔

## الطاف حسین کا پیغام امن کا پیغام ہے اس سے محبت اخلاص اور یکجہتی کا اظہار پیدا ہوگا، سیّد فیصل سبزواری

## اے پی ایم ایس او کے تحت 16 فروری منگل کو آٹھویں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔16 فروری 2010ء

حق پرست صوبائی وزیر امور نوجوانان فیصل سبزواری نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام امن کا پیغام ہے اس سے محبت اخلاص اور یکجہتی کا اظہار پیدا ہوگا۔یہ بات انہوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزشن جامعہ کراچی سیکٹر کے زیر اہتمام آٹھویں پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے سنیئر وائس چیئر مین ندیم احمد خان سمیت جامعہ کراچی کے سیکٹر آرگنائزر واراکین سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔علاوہ ازیں حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے اے پی ایم ایس او کے سنیئر وائس چیئر مین کے ہمراہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔اس ٹورنامنٹ میں جامعہ کراچی کے 52 شعبہ جات کی 256 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔پہلے روز کے اختتام پر تیس میچ کھیلے گئے۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری نے کہا کہ پیغام امن کے ساتھ کرکٹ ٹورنامنٹ کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہے آج کے دور میں ایسی صحتمند سرگرمیوں کی اشد ضرورت ہے امن کا یہ پیغام جامعہ کراچی سے باہر پورے ملک تک جانا چاہئے اور طلبہ اپنے عمل سے ثابت کریں کہ طلبہ امن کے سچے پیامبر ہیں اس موقع پر انہوں نے کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر جامعہ کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پیر زادہ قاسم رضا صدیقی ودیگر اساتذہ کرام سمیت جامعہ کراچی سیکٹر کمیٹی وکارکنان کو مبارکباد پیش کی۔علاوہ ازیں ڈاکٹر پیرزادہ قاسم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس قسم کی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کے درمیان ذہنی نشوونما اور ہم آہنگی کو فروغ ملے گا اور طلبہ اپنی صلاحیتوں کو مزید اُجاگر کرسکیں یہ سرگرمیاں وقت کی اہم ضرورت بھی ہیں۔انہوں نے

کہا کہ پیغام امن کرکٹ ٹورنامنٹ شاندار روایت کا حامل ہے اور اس میں طلبہ وطالبات کا جوش وخروش قابل ستائش ہے۔اس موقع پر انہوں نے کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ اور سیکٹر آرگنائزز جامعہ کراچی سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان کو مبارکباد پیش کی اور کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

☆☆☆☆☆